
دعوت تبلیغ

چھ صفات کی مذاکرہ

تم بہترین امت ہو، تمہیں نکالا گیا ہے لوگوں کے لئے تم نیکی کی دعوت
دیتے ہو اور برائیوں سے روکتے ہو اور ایک اللہ پر ایمان رکھتے ہو



جمع وترتیب

محترم ریحان صاحب

کنتم خیرا امۃ اخرجت للناس تامرون
بالمعروف وتنھون عن المنکر وتومنون باللہ

اور تم سب سے بہترین امت ہو تمہیں نکالا گیا ہے لوگوں کے لئے
کیونکہ تم لوگوں کو نیکی کی تلقین کرتے ہو اور برائی سے روکتے ہو
اور ایک اللہ پر ایمان لاتے ہو

چھ صفات کا مذاکرہ

دعوت تبلیغ امت کی ذمداری

اور اس سے بہتر کس کی بات ہوسکتی ہے
جو لوگوں کو خیر کی طرف بلائے اور پھر کہے میں فرمابداروں میں سے ہو

نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتۡحٌ قَرِیۡبٌ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

بہت عرصے سے اللہ تعالی کے فضل سے اس ناچیز کو اللہ کے راستے میں نکلنے کا موقع ملا اور بہت ساری جگہ بھی جانا ہوا اور اسی دوران بہت سارے پرانے اور نئے ساتھیوں سے بھی ملنے کا موقع ملا ، اور اسی چلت پھرت میں عام طور پے میں نے یہ دیکھا کہ بہت سارے ساتھی ہے جو وقت دے رہے ہے پر چھ صفات ان کو اچھے طریقے سے یاد نہیں رہتے، یا یاد کرتے ہے اور پھر بھول جاتے ہے تو اللہ تعالی نے یہ بات دل میں ڈالی کیوں نہ ایک چھوٹی سے کتاب اس بارے میں لکھی جائے تاکہ ساتھیوں کو یاد رکھنے میں آسانی ہو

اور کسی ساتھی کو آسانی سے یاد نہ ہوتا ہو ، یا یاد کرکے بھول جاتا ہو تو اس کتاب کے ذریعہ سے وہ کمی کوتاہی دور ہو

کیونکہ جب تک یہ چھ صفات موٹے موٹے الفاظ میں یاد نہ ہو تب تک ایک ساتھی کے لئے یہ چھ صفات کھولنا مشکل ہو رہا ہے

اور اصل ہمارا مقصد خالی اتنا نہیں کہ ان کو یاد کیا جائے بلکہ ہمارا جو اصل مقصد ہے وہ یہ ہے کہ ان صفات کو ہم اپنی زندگی کے اندر لائے ، کیونکہ جب تک کسی چیز کا پہلے علم نہ ہو تب تک ایک انسان اس پر عمل نہیں کر سکتا

اگر دیکھا جائے تو تبلیغ جماعت کے اندر ہر کسی طبقے کے لوگ ہوتے ہے
ان میں کچھ لوگ تعلیم یافتہ ہے تو کچھ لوگ تعلیم یافتہ نہیں ہے
اس لئے اس ناچیز نے کوشش کی ہے کہ آسان الفاظوں کے اندر
اس کتاب کو لکھا جائے تاکہ سب ساتھیوں کے لئے آسانی ہو
اور اس مقصد سے بھی یہ کتاب اس ناچیز نے لکھی ہے تاکہ
ساتھیوں کو اس کتاب سے یاد دہانی اور آسانی ہو جائے
اس کتاب میں کوئی غلطی نظر آئے تو ضرور اس ناچیز کی اصلاح
کرے

طالب دعا
محترم ریحان صاحب

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ

اے پروردگار ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں
اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں (سورۃ الفاتحۃ)

WEBSITE _darulummah.blogspot.com
Email _ rehaan99068@gmail.com
WhatsApp Number _ 9906859731

اللہ تعالی کے راستے میں نکل کر کچھ صفاتوں کی عملی مشق کرائی

جاتی ہے

انشاءاللہ محنت اور کوشش کرکے یہ صفاتیں اپنی زندگی میں لائے

گے تاکہ ہمیں دین پر چلنا سہل اور آسان ہوجائے

وہ صفاتیں یہ ہے

ایمان یعنے کلمہ

نماز

علم وذکر

اکرام مسلم

اخلاص نیت

دعوت و تبلیغ

اور لایعنی کاموں سے اپنے آپ کو بچانا

پہلی صفت ایمان یعنے کلمہ

کلمہ کے الفاظ یہ ہے

لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ ﷺ

نوٹ / بہت سارے لوگ کلمہ کے اندر رسول کے ر پر پیش پڑھتے ہے حالانکہ وہاں پر ر پے پیش نہیں بلکہ زبر ہے

کلمہ کا معنی یہ ہے

نہیں کوئی معبود اللہ کے سوا اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہے

کلمہ کا مقصد یہ ہے

ہم ہر حال میں اللہ کے احکام ماننے والے بن جائے اور ہر جائز کام میں نبی ﷺ کے طریقے اپنانے والے بن جائے

کلمہ سے کیا چاہا جاتا ہے

کہ ایک اللہ سے ہونے کا یقین اور مخلوق سے نہ ہونے کا یقین

حضرت محمد ﷺ کے طریقوں میں سو فیصد کامیابی ہے اور جو اس سے ہٹ کے طریقے ہے ان میں سو فیصد ناکامیابی ہے

اب اس کلمہ کا یقین میرے دل میں کیسے آئے گا اس کے لئے تین لائنوں کی محنت کرنی ہے

دعوت　　　　مشق　　　　دعا

1 - اس کلمہ کی خوب فضائل کے ساتھ دعوت دینی اور سننی ہے

نوٹ / ہر ایک ساتھی ایمان کے فضائل کے بارے میں حدیثیں یاد کرے

2 – مخلوق پے غور فکر کرنی ہے نہ کہ اللہ کی ذات پے

نوٹ/ ہر ایک ساتھی ہر دن نئی نئی غور فکر کرے

3 – اللہ سے دعا مانگنی ہے اے اللہ پوری امت کو ایمان کامل اور ایمان مطلوب عطا فرما　　آمین

دوسری صفت نماز

نماز سے کیا چاہا جاتا ہے
کہ میری زندگی صفت صلاۃ پے آجائے

کہ جیسے میں نماز کے اندر اللہ کے حکموں کے تابع اور نبی ﷺ کے طریقوں کے مطابق ہوتا ہو ویسے ہی میری باہر والی زندگی بھی بن جائے

نماز کا مقصد کیا ہے
کہ ہم اپنی نمازوں کے ذریعہ سے براہ راست اللہ کے غیب کے خزانوں میں سے لینے والے بن جائے

اب اس کا یقین میرے دل میں کیسے آئے گا اس کے لئے مجھے تین لائنوں کی محنت کرنی ہے

دعوت مشق دعا

1 - اس نماز کی خوب فضائلوں کے ساتھ دعوت دینی اور سننی ہے

نوٹ / ہر ایک ساتھی نماز کے فضائل کے بارے میں حدیثیں یاد کرے

2 – نماز کا ظاہر اور باطن درست کرنا،

ظاہر یہ ہے کہ وضو سے لے کر سلام پھرنے تک جو بھی مسلئے مسائل ہےوہ اپنے معتبر علماء سے پوچھ پوچھ کر درست کرنا

اور باطن میں دو دھیان ہے نماز میں یہ دو دھیان ہونے چاہئےاولی دھیان اور ادنی دھیان
اولی دھیان یہ ہے کہ میں اللہ کو دیکھ رہا ہواور ادنی دھیان یہ ہے کہ اللہ مجھے دیکھ رہا ہے

3- اللہ سے دعامانگنا اے اللہ ہمیں نماز کی حقیقت اور کامل نماز عطا فرما

تیسری صفت علم وذکر ہے

علم

علم سے کیا چاہا جاتا ہے

علم سے یہ چاہا جاتا ہے کہ مجھ میں تحقیق کا جذبہ پیدا ہو

کہ میں حلال اور حرام ، حق اور ناحق ، سمجھ اور نا سمجھ ، جھوٹ اور سچ کی پہچان کرنے والا بن جاؤں

اس کا یقین میرے دل کے اندر کیسے آئے گا اس کے لئے تین لائنوں کی محنت کرنی ہے

دعوت مشق دعا

اس علم کی خوب فضائل کے ساتھ دعوت دینی اور سننی ہے

مشق یہ کرنی ہے کہ اتنا علم سیکھنا فرض عین ہے جو ہمیں چوبیس گھنٹوں کے اندر ضرورت لگے

دعا ، اے اللہ ہم سب کو علم نافع نصیب فرما ۔ آمین

تیسری صفت علم وذکر ہے

ذکر

ذکر سے یہ چاہا جاتا ہے
مجھ میں اللہ کا دھیان سو فیصد نصیب ہو
کہ مجھے دھیان مولا نصیب ہو

یعنے میں جس حال میں ہو مجھے یہ دھیان ہونا چاہیے کہ میرا اللہ اس وقت مجھ سے کیا چاہتا ہے

اس کا یقین میرے دل کے اندر کیسے آئے گا اس کے لئے تین لائنوں کی محنت کرنی ہے

دعوت　　　مشق　　　دعا

اس ذکر کی خوب فضائل کے ساتھ دعوت دینی اور سننی ہے
مشق ، صبح اورشام تین تسبیحات کی پابندی کرنی ہے / تیسرا کلمہ سو مرتبہ ، درود شریف سو مرتبہ اور استغفار سو مرتبہ
دعا ، اے اللہ ہم سب کو دھیان مولا نصیب فرما

چھوٹھی صفت اکرام مسلم

اکرام مسلم سے یہ چاہا جاتا ہے
کہ ہم اپنے حقوق معاف کرنے والے اور دوسروں کے حقوق ادا کرنے والے بن جائے

اس کا یقین میرے دل کے اندر کیسے آئے گا اس کے لئے تین لائنوں کی محنت کرنی ہے

دعوت مشق دعا

اس اکرام کی خوب فضائل کے ساتھ دعوت دینی اور سننی ہے

مشق ، چھوٹوں پے شفقت ، بڑوں کی عزت اور علماء کی قدر کرنے والے بن جائے
چھوٹوں پے شفقت کرے گے کیونکہ انہوں نے گناہ کم کئے ہے
بڑوں کی عزت کرے گے انہوں نے نیکیاں زیادہ کی ہے
اور علماء کی قدر کرے گے وہ انبیاء کے وارث ہے
دعا ، اے اللہ ہم سب کو اخلاق عظیما اور اخلاق کریما اور اخلاق حسنہ عطا فرما

پانچوی صفت اخلاص نیت

اخلاص نیت سے یہ چاہا جاتا ہے
کہ مجھ میں للاہیت نصیب ہو
یعنے جو بھی میں نیک کام کروں اللہ کی رضا کے لئے کروں

اس کا یقین میرے دل کے اندر کیسے آئے گا اس کے لئے تین لائنوں کی محنت کرنی ہے

دعوت مشق دعا

اس اخلاص کی خوب فضائل کے ساتھ دعوت دینی اور سننی ہے

مشق ، ہر عمل سے پہلے اور آخر میں اپنی نیت کو چیک کرنا
دعا ، اے اللہ ہم سب کو اخلاص کی دولت نصیب فرما

یہ پانچ کام میری زندگی کے اندر کیسے آئے گے اس کے لئے اللہ کے راستے میں نکلنا ہے جسے دعوت تبلیغ کہتے ہے

دعوت تبلیغ

دعوت تبلیغ سے یہ چاہا جاتا ہے
کہ ہمارا مال جان اور وقت اللہ کے حکموں کے تابع اور نبی ﷺ کے طریقوں کے اندر لگ جائے

اس کا یقین میرے دل کے اندر کیسے آئے گا اس کے لئے تین لائنوں کی محنت کرنی ہے

دعوت مشق دعا

اس کی خوب فضائل کے ساتھ دعوت دینی اور سننی ہے

مشق ، عمر میں چار مہینے ، ہر سال چالیس دن ، ہر مہینے تین دن اور مقام پر پانچ کام
دعا ، اے اللہ ہمیں اپنے راستے میں قبولیت عطا فرما

آخر میں ان صفاتوں کو اپنی زندگی میں لا کے ہمیں فضول کاموں اور فضول باتوں سے بچنا ہے

قرانی حلقہ کیوں کیا جاتا ہے

قرانی حلقہ اس لئے کیا جاتا ہے کیوں نکہ یہ احساسی حلقہ ہے

کہ ہم اس محنت میں لگے ہمارا اور پوری امت کا قرآن کیسے درست ہوگا

اور یہ مسجد نبوی کا اایک مستقل اور دائمی سنت ہے

تو کوشش کرے جتنا ہوسکے اللہ کے راستے میں اپنے قرآن کو درست کرے

اور اس کے بعد جب اپنے مقام پر پہنچے گے وہاں بھی کسی عالم قاری یا حافظ کے پاس جاکر اپنے قرآن کو درست کرے گے

حدیث میں آیا ہے کہ قران کے ایک حرف پڑھنے پر دس نیکیاں ملتی ہے
اور الم ایک حرف نہیں بلکہ الف ایک حرف ہے اور لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے
تو الم ایک نہیں بلکہ تین حرف ہے اور اس پر تیس نیکیاں ملے گی

تعلیم کیوں کی جاتی ہے

تعلیم اس لیے کی جاتی ہے تاکہ جنت اور جہنم کا تذکرہ سن کر ہمارے دل تڑپ اٹھے

ہمیں وعدوں اور وعیدوں کا یقین آئے
اسبابوں پے سے یقین اٹھ کر اعمالوں پے آجائے
مخلوق سے یقین اٹھ کر خالق پے آجائے

اس میں نیت یہ کرے گے جو سنے گے پورے دھیان کے ساتھ سنے گے
اوراس پر عمل کرے گے
اور باقیوں تک بھی پہنچائے گے

تعلیم کے دوران نظر کتاب پر ہو کیونکہ احادیث کے اندر نور ہوتا ہے اور ہم بھی اس کے مستحق ہو جائے

تعلیم کے آداب

پہلے تو کوشش کرے تعلیم کے وقت دوزانوں بیٹھا کرے

جہاں پے اللہ کا نام آئے وہاں پر جل شانہ پڑھا کرے
جہاں پے محمد کا نام آئے وہاں پر ﷺ پڑھا کرے
جہاں پے کسی نبی کا نام آئے وہاں پر علیہ السلام پڑھا کرے
جہاں پے کسی فرشتے کا نام آئے وہاں پر علیہ السلام پڑھا کرے
جہاں پے کسی صحابی کا نام آئے وہاں پر رضی اللہ تعالی عنہ پڑھا کرے
اور بہت سارے صحابیوں کا نام آئے تو وہاں پر رضی اللہ تعالی عنہما اجمعین پڑھا کرے
اور اگر کسی عورت صحابیات کا نام آئے تو وہاں پر رضی اللہ تعالی عنہا پڑھا کرے
اور جہاں پر بہت ساری صحابیات کا نام آئے تو وہاں پر رضی اللہ تعالی عنہنا پڑھا کرے
جہاں پر کسی بزرگ کا نام آئے وہاں پر رحمتہ اللہ علیہ پڑھا کرے
جہاں پے جنت کا تذکرہ آئے وہاں پر سبحان اللہ پڑھا کرے
جہاں پے جھنم کا تذکرہ آئے وہاں پر استغفراللہ پڑھا کرے

آخر میں کچھ گزارشات ہے کہ
ہر ایک ساتھی ان صفاتوں کے مطلق حدیثئں یاد کرے
ہر ایک ساتھی سونے سے پہلے اپنی زندگی کا محاسبہ کرے کہ میرے اندر یہ صفاتیں آئی ہے یا نہیں
اگر میرے اندر ان صفاتوں میں کسی صفت کی کمی ہے تو اس صفت پر محنت کرکے اپنی زندگی کے اندر لائے گے
حلقے کے دوران ہر ایک ساتھی ہر صفات کے مطلق کم سے کم ایک حدیث بتایا کرے
ان صفاتوں کو یاد کرکے اور اپنی زندگی میں لاکے ہر ایک ساتھی دعوت دینے والا بن جائے
نئے ساتھی کے ساتھ پرانے والے ایک ساتھی کی ذمداری رکھی جائے تاکہ وہ ہر دن اس ساتھی کو ایک ایک صفت یاد کرے
نئے ساتھیوں کو موقع دے تاکہ وہ ہر ایک ایک صفات کھولے اور وہ امت کے داعی بن جائے
انفرادی وقت میں نئے والے ساتھی پرانے والے ساتھیوں کے پاس جایا کرے اور ہر دن ایک ایک صفات کو ان کے سامنے کھولا کرے
جو بھی اس وقت اللہ کے راستے میں لگے ہے اللہ ان کا نکلنا قبول فرمائے اور اللہ سے دعا ہے کہ ہم سب کی خدمت کو بھی قبول فرمائے
اور اللہ پاک سے دعا ہے ، اللہ پاک پوری امت کو ہدایت عطا فرمائے اور علماء کرام کی حفاظت فرمائے

آخر میں گزارش ہے کہ اس کتاب میں کوئی غلطی نظر آئے تو ضرور
اس ناچیز کی اصلاح کرے

اللہ تعالی ہم سب کو پڑھنے کے ساتھ ساتھ عمل کی توفیق عطا فرمائے اور
باقیوں تک بھی پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے

اللہ تعالی ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے
اور ہم سب ایمان والوں کو دین ہے استقامت عطا فرمائے
آمین

طالب دعا
ریحان

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ